247



آیات نمبر 61 تا 64 میں مشرکین کو تنبیہ کہ تمہیں جو چھوٹ ملی ہوئی ہے وہ صرف اس وجہ سے ہے کہ اللہ کے ہر کام کا وقت مقرر ہے۔ یہ قرآن اس لئے نازل کیا گیا ہے کہ ان مشرکین پر ہر چیز واضح ہو جائے

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ
يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم و زیادتی پر فوراً پکڑ
لیا کرتا تو زمین پر کوئی حرکت کرنے والا ایک جاندار نہ چھوڑتا، لیکن وہ ایک معین
مدت تک کے لئے انہیں مہلت دیتا ہے کہ یہ زندگی ایک امتحان ہے، انسان کو اطاعت یا
نافرمانی کا اختیار دیا گیا ہے، دنیا میں بھی اس کی سزا ملتی ہے اور پھر قیامت کے دن ہر چیز کا فیصلہ کیا
جائے گا فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾ پھر
جب ان کی گرفت کا مقررہ وقت آ پہنچتا ہے تو نہ ایک لمحہ آگے ہو سکتا ہے نہ ایک لمحہ
پیچھے وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَ تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ
الْحُسْنٰى ؕ اور یہ اللہ کے لئے ایسی چیزیں تجویز کرتے ہیں جنہیں خود ناپسند کرتے
ہیں اور اس کے باوجود ان کی زبانیں یہ جھوٹا دعویٰ کرتی ہیں کہ ہر قسم کی بھلائی ان ہی
کے لئے ہے لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾ اصل حقیقت یہ
ہے کہ ان کیلئے جہنم کی آگ تیار ہے اور یہ اس میں سب سے پہلے بھیجے جائیں گے
تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ
فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ اے پیغمبر (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم)! اللہ کی قسم



ہم نے آپ سے پہلے بھی بہت سی امتوں کی طرف رسول بھیجے تھے، پھر شیطان نے
ان کے برے اعمال انہیں خوشنما کر دکھائے، سو وہی شیطان آج بھی ان کافروں کا
رفیق بنا ہوا ہے اور بالآخر ان سب کے لئے دردناک عذاب ہو گا وَمَآ اَنْزَلْنَا
عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ اور اے پیغمبر (ﷺ)! ہم نے آپ پر یہ قرآن اس لئے نازل
کیا ہے کہ جن امور میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں آپ ان کی حقیقت ان پر واضح
کر دیں نیز اس غرض سے بھی کہ یہ قرآن اہل ایمان کے لئے موجب ہدایت و
رحمت ہے۔

[# 247]

Verses 61 to 64 warn the polytheists that the respite they have been given is only because every action of Allah has an appointed time. This Qur'an has been revealed so that everything becomes clear to them.

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ
لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ

And if Allah were to punish people immediately for their wrongdoings, He would not have left a single living creature on earth; but He grants them respite until an appointed time [only known to Him].

This life is a test, and humans have been given the choice to obey or disobey. Consequences are also met in this world, but ultimately, everything will be decided on the Day of Judgment.

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾

Then, when their appointed time comes [due], they cannot delay it for a moment, nor can they advance it.

وَ یَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا یَكْرَهُوْنَ وَ تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰی ؕ

And they ascribe to Allah what they dislike [for themselves,] and yet their tongues assert the lie, that they will have great goodness [in the Hereafter].

لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾

Without doubt, for them the Fire [of Hell] awaits, and they will be foremost to enter in it [and will be left there forever].

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ
اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٦٣

By God! We certainly sent [messengers] to many nations before you [O Prophet!], but Satan made their evil deeds pleasing to them. So, [the same Satan] is their companion today, and they all will suffer a painful punishment.

وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا
فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝٦٤

And [O Prophet!], We have revealed this [Qur'an, as a Heavenly] book to you, so that you may clarify to them the matters [of faith] in which they differ, and as a guidance and mercy for those who believe.